بسم اللہ الرحمن الرحیم

تیز بارش میں ناپاک کپڑا ڈال دیا، تو پاک ہو جائے گا یا نہیں

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر تیز بارش میں کوئی ناپاک کپڑا پاک کرنے کے لئے رکھا، تو کیا بارش کا پانی اس پر سے بہنے کی صورت میں کپڑا پاک ہو جائے گا؟

جواب

اگر ناپاک کپڑا تیز بارش میں رکھا ہوا تھا اور اس پر اتنا پانی بہہ گیا کہ پانی بہنے سے نجاست کا اثر ختم ہو گیا تو وہ کپڑا پاک ہو جائے گا۔ البتہ اگر معمولی بارش ہوئی یا چند لمحے تیز ہوئی پھر رک گئی جس سے اتنا پانی نہیں بہا جو نجاست کو دور کر دے، تو ایسی صورت میں کپڑا پاک نہیں ہوگا۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2455

تاریخ اجراء: 18 ربیع الاول 1447ھ/12 ستمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net